© rasailojaraid.com



## تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

کتاب : مشاہیر علماء سرحد مصنف : ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمان

ضخامت : ۶۵۶ صفحات قیمت : درج نہیں ناشر : مجلس نشریات اسلام ناظم آباد کراچی

مخدوم محترم جناب ڈاکٹر قاری فیوض الرحمان صاحب کو اللہ تعالیٰ نے سوانح نگاری اور تذکرہ نویسی کا نہایت عمدہ اور ستھرا ذوق ودیعت فرمایا ہے جس کے شاہکار نمونے مختلف تذکروں کی صورت میں ہمارے سامنے آتے ہیں۔ زیر نظر کتاب مشاہیر علماء سرحد بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جس میں آپ نے نہایت ہی عرق ریزی سے صوبہ سرحد سے تعلق رکھنے والے علماء و مشائخ کے سوانح حیات اور تذکرے یکجا کئے ہیں حالانکہ یہ ایک انتہائی صعب دقت طلب اور مشکل ترین تحقیقی کام ہے چونکہ بندہ خود بھی اسی قسم کے موضوعات پر گاہے گاہے کام کرتا آرہا ہے اس لئے مجھے بذاتِ خود اس کے کٹھن پن کا اندازہ ہے

۱۸۵۷ء تا ۱۹۷۶ء ممتاز اصحاب تدریس و تصنیف پر تحقیقی کام کا سلسلہ محترم ڈاکٹر صاحب نے علامہ علاء الدین صدیقی کی زیر نگرانی ۱۹۷۰ء میں شروع کیا تھا۔ ۱۹۷۶ء میں آپ نے یہ سلسلہ مکمل کرلیا۔ اور اس پر جامعہ پنجاب نے آپ کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری دے دی۔ لیکن اس کے باوجود آپ نے یہ سلسلہ جاری رکھا۔ تا آنکہ ۱۹۹۷ء میں آپ نے اسے ۲۸ سال کی تحقیق کے بعد زیور طباعت سے آراستہ کیا اس میں ۴۴۰ علماء و مشائخ کے حالات اور سوانح درج ہیں اور ملحا سن، فات ان کی ترتیب ہے کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں اختصار کے ساتھ انتہائی جامع انداز میں مذکورہ شخصیت کے متعلق ضروری مواد موجود ہے۔ مجلس نشریات اسلام کراچی نے اس کی اشاعت میں اپنی روایتی نفاست اور خوش مذاقی کا ثبوت دیا ہے ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کے قلم کو اسی طرح تر و تازہ رکھتے ہوئے مزید بزرگوں اور علماء و مشائخ کے سوانح ترتیب دینے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ امین

ماہنامہ الحق دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ (سرحد) پاکستان۔ فون نمبر : 630435 , 630340 -(0923)
ای میل نمبر : E-Mail : haqqania@psh.infolink.net.pk
سالانہ بدل اشتراک اندرون ملک فی پرچہ =/15 روپے سالانہ =/150 روپے، بیرون ملک 20$ امریکی ڈالر
پبلشر : مولانا سمیع الحق مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، منظور عام پریس پشاور

© rasailojaraid.com